سوال

(201) کیا حائضہ کی دعا قبول ہوتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ عورت کی دعا واستغفار اللہ کے ہاں قبول ہوتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، کیوں نہیں۔ بلکہ عورت کو اپنی اس حالت میں بھی ذکرواذکار، دعا واستغفار بہت زیادہ کرنا چاہیئے اور اس کی ترغیب ہے اور اس کا شوق کرنا چاہیئے، بالخصوص مبارک اوقات میں۔ توجب قبولیت دعا کے اسباب موجود ہوں گے تو اللہ تعالیٰ حائضہ عورت ہو یا دوسرے سبھی سے قبول فرماتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 208

محدث فتویٰ